# مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا
# 26 واں سالانہ اجلاس

## (منعقدہ یکم نومبر ۱۹۹۸ء)

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا ۲۶ واں سالانہ اجلاس یکم نومبر ۱۹۹۸ء بروز اتوار صبح ۱۰ بجے قرآن آڈیٹوریم اتاترک بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور میں منعقد ہوا۔ محترم صدرِ مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے اجلاس کی صدارت فرمائی۔ اجلاس کا آغاز تلاوتِ قرآن مجید سے ہوا' جس کی سعادت قرآن کالج کے طالب علم نعمان اقبال نے حاصل کی۔ اس کے بعد معتمد انجمن جناب محمود عالم میاں صاحب نے شرکاءِ اجلاس کو خوش آمدید کہا اور گزشتہ سالانہ اجلاس کی کارروائی پڑھ کر سنائی جس کی توثیق کر دی گئی۔ بعد ازاں انہوں نے سال ۹۸۔۱۹۹۷ء کے دوران مرکزی انجمن کی سرگرمیوں کا اجمالی خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے بتایا کہ :-

☆ سال ۹۸۔۱۹۹۷ء کے دوران مرکزی انجمن کے حلقہ محسنین میں ۱۰' حلقہ مستقل ارکان میں ۴ اور حلقہ عام ارکان میں ۶ ارکان کا اضافہ ہوا۔ جون ۹۸ء کے اختتام پر ان حلقوں میں ارکان کی کل تعداد بالترتیب ۳۳۸' ۱۸۰ اور ۴۰۰ تھی۔

☆ شعبہ اکیڈمک ونگ کے زیر اہتمام ۸ نئی کتب شائع کی گئیں' ۴ کتب کے نظر ثانی شدہ ایڈیشن نئے گیٹ اپ کے ساتھ شائع کیے گئے' جبکہ ۱۵ کتب کے نئے ایڈیشن اغلاط کی تصحیح کے ساتھ شائع ہوئے۔ ماہنامہ "میثاق" "حکمت قرآن" اور ہفت روزہ "ندائے خلافت" کی اشاعت باقاعدگی سے جاری رہی۔

☆ شعبہ انگریزی کے تحت دو نئے کتابچے اور ایک کتاب کا نیا ایڈیشن شائع کیا گیا۔ علاوہ ازیں جناب عمران این حسین صاحب کی دو انگریزی تحریروں کا اردو ترجمہ کر کے میثاق میں شائع کرایا گیا۔ سہ ماہی انگریزی مجلہ The Quranic Horizons

© rasailojaraid.com

باقاعدگی سے شائع ہوتا رہا۔

☆ قرآن اکیڈمی لائبریری میں دورانِ سال ۳۷۵ کتب کا اضافہ ہوا۔ لائبریری کو موصول ہونے والے رسائل و جرائد کی تعداد تقریباً ۱۵۰ ہے۔ علاوہ ازیں چار اردو اور دو انگریزی اخبارات باقاعدگی سے آتے رہے۔

☆ ۹۸۔۱۹۹۷ء میں "مکتبہ" نے کتب و جرائد اور ویڈیو/ آڈیو کیسٹس کی فروخت اور ترسیل کا کام عمدگی سے کیا۔ دوران سال ۴۳۷,۸۹۵ روپے کی کتب فروخت ہوئیں، جبکہ ۱۱,۹۸۱ آڈیو کیسٹس، جن کی مالیت ۳۶۲۴۴۵ روپے اور ۱۳۹۹ ویڈیو کیسٹس جن کی مالیت ۲۱,۵۶۵۰ روپے ہے، فروخت ہوئیں۔

محترم صدرِ مؤسس کے دورۂ ترجمہ قرآن ۹۸ء کو پہلی مرتبہ کمپیوٹر CD پر بھی متعارف کرایا گیا تھا، جس کی بہت پذیرائی ہوئی اور ۲۷۸ CDs جن کی مالیت ۴۱۶۵۰ روپے ہے، فروخت ہوئیں۔

☆ مرکزی انجمن کے شعبہ خط و کتابت کورسز نے پانچ مختلف کورسز پیش کر رکھے ہیں۔ سال کے اختتام پر "قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس" میں شرکاء کی تعداد ۳۲۱۳ تھی۔ اسی طرح عربی گرامر حصہ اول میں ۱۶۵۷، حصہ دوم میں ۱۴۴، حصہ سوم میں ۶۳ اور ترجمہ قرآن کریم کورس میں شرکاء کی تعداد ۴۳۰ تھی۔

☆ شعبہ سمع و بصر نے سال ۹۸۔۱۹۹۷ء کے دوران دروس و خطابات کی ریکارڈنگ اور ویڈیو/ آڈیو کیسٹس کی کاپیاں تیار کرنے کا کام عمدگی سے کیا۔ اس کے علاوہ اس شعبہ نے محترم صدر مؤسس کے دورۂ ترجمہ قرآن ۹۸ء پر مشتمل کمپیوٹر CD تیار کی جس کی بہت پذیرائی ہوئی۔

☆ محکمہ تعلیم سے رجسٹریشن کرانے کے بعد قرآن کالج کا بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سے الحاق بھی کرالیا گیا ہے۔ دورانِ سال ایف اے اور بی اے کے علاوہ آئی کام اور کمپیوٹر کلاسز کا اجراء کیا گیا۔ ایک سالہ رجوع اِلی القرآن کورس کے داخلے امید افزا رہے۔ حسب معمول میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات سے فارغ التحصیل طلبہ کے لئے "اسلامک جنرل نالج ورکشاپ" کا اہتمام

© rasailojaraid.com

بھی کیا گیا۔

قرآن کالج لائبریری میں کتب کی تعداد ۱۴۴۴۳ ہے۔ قرآن کالج کی کمپیوٹر لیب میں کل ۱۰ کمپیوٹر موجود ہیں جو نیٹ ورک کے ذریعہ آپس میں منسلک ہیں۔

☆ قرآن کالج کے طلبہ کے لئے بہترین ساز و سامان سے مزین ہاسٹل موجود ہے جس میں ۴۷ طلبہ کی رہائش کی گنجائش ہے۔ ہاسٹل میں رہائش پذیر طلبہ کی نگرانی کے لئے ہمہ وقتی وارڈن اور نائب وارڈن کی خدمات بھی حاصل ہیں' جو کالج ہی کے فیملی کوارٹرز میں رہائش پذیر ہیں۔

☆ مرکزی انجمن کے شعبہ ایڈمن نے دوران سال اپنی معمول کی دفتری ذمہ داریوں کے علاوہ مرکزی انجمن کی ضروریات کے لئے گورنمنٹ دفاتر کے ساتھ رابطہ کا کام بڑی عمدگی سے ادا کیا۔ اس میں قرآن اکیڈمی کے توسیعی نقشہ کی ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سے منظوری کا کام خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔

© rasailojaraid.

مرکزی انجمن کے شعبہ اکاؤنٹس و کیش نے اپنے مختصر عملہ کے باوجود اپنی ذمہ داریاں نہایت عمدگی سے ادا کیں۔

☆ جامع القرآن قرآن اکیڈمی میں دورۂ ترجمہ قرآن کی سعادت قرآن کالج کے سابق طالب علم جناب خالد محمود عباسی صاحب نے حاصل کی۔

☆ شعبہ حفظ بھی عمدگی کے ساتھ جاری رہا۔ اس سال ۱۸ بچوں نے حفظ قرآن مجید کی تکمیل کی۔

سال ۹۸ ـ ۱۹۹۷ء کی کارکردگی کی high lights کے بعد جناب معتمد انجمن نے مرکزی انجمن کے سالانہ اکاؤنٹس پیش کرنے کے لئے اکاؤنٹینٹ جناب محمد یونس صاحب کو دعوت دی۔ انہوں نے نہایت اختصار کے ساتھ مرکزی انجمن کے آمد و خرچ کا جائزہ پیش کیا اور شرکاء کے استفسارات کے تسلی بخش جواب دیئے۔

مرکزی انجمن کے چھبیسویں سالانہ اجلاس میں منسلک انجمنوں کے نمائندے بھی تشریف لائے ہوئے تھے۔ ان میں انجمن خدام القرآن سندھ کراچی سے جناب عبداللطیف عقیلی صاحب' انجمن خدام القرآن فیصل آباد سے ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب'

© rasailojaraid.

انجمن خدام القرآن سرحد پشاور سے ڈاکٹر محمد اقبال صافی صاحب' انجمن خدام القرآن راولپنڈی اسلام آباد سے جناب امتیاز علی راستگار صاحب اور انجمن خدام القرآن سرگودھا سے ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب تشریف لائے تھے۔ ان سب حضرات نے اپنی اپنی انجمن کی کاکردگی کی مختصر روداد اجلاس میں پیش کی۔

آج کے اجلاس میں مرکزی انجمن کی مجلس شوریٰ کے نصف ارکان کا انتخاب بھی عمل میں لایا گیا۔ اس کے لئے ضروری انتظامات پہلے ہی کر لئے گئے تھے۔ اس مرتبہ مدتِ انتخاب کی تکمیل کے بعد ریٹائر ہونے والے ارکان شوریٰ میں حلقہ مؤسسین و محسنین میں سے چھ' حلقہ مستقل ارکان میں سے دو اور حلقہ عام ارکان میں سے چار ارکان ریٹائر ہوئے۔ گویا اسی تعداد میں نئے ارکان شوریٰ کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ ریٹائر ہونے والے ارکان شوریٰ کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔

حلقہ نمبر۱ (مؤسسین و محسنین) :

۱۔ شیخ محمد عقیل صاحب
۲۔ وکیل احمد خان صاحب
۳۔ میجر احسن رؤف شیخ صاحب
۴۔ میاں محمد رفیق صاحب
۵۔ ایثار احمد ثروت صاحب
۶۔ ڈاکٹر مختار احسن رندھاوا صاحب

حلقہ نمبر۲ (مستقل ارکان) :

۱۔ محمود عالم میاں صاحب
۲۔ انوار الحق چوہدری صاحب

حلقہ نمبر۳ (عام ارکان) :

۱۔ ڈاکٹر ابصار احمد صاحب
۲۔ ڈاکٹر عبدالخالق صاحب
۳۔ چوہدری غلام محمد صاحب
۴۔ مختار احمد خان صاحب

تمام ارکان کو بلحاظ حلقہ مطلوبہ تعداد میں قرطاس ہائے تجویز ارسال کئے گئے۔ ارکان انجمن کی طرف سے موصول ہونے والے تکمل قرطاس ہائے تجویز کے مطابق حلقہ نمبر۱ میں ۹' حلقہ نمبر۲ میں ۲ اور حلقہ نمبر۳ میں ۶ امیدواروں کے نام تجویز کئے گئے۔ اس طرح حلقہ نمبر۱ اور حلقہ نمبر۳ میں انتخابات کی ضرورت پیش آئی' جبکہ حلقہ نمبر۲ میں

© rasailojaraid
© rasailojaraid
© rasailojaraid

انتخاب کی ضرورت پیش نہ آئی کیونکہ اس میں اتنے ہی نام تجویز کئے گئے تھے جتنے منتخب کئے جانا تھے۔ لہٰذا حلقہ نمبر۱ اور حلقہ نمبر۳ میں انتخاب عمل میں لایا گیا۔ حاضرین اجلاس میں سے جن ارکانِ انجمن کا حق رائے دہی محفوظ تھا' ان میں بلحاظ حلقہ قرطاس ہائے انتخاب (بیلٹ پیپر) تقسیم کر دیئے گئے جنہیں ارکان نے اپنے مطلوبہ امیدواروں کو Tick کر کے اسی وقت واپس دے دیا۔ انتخاب کے عمل کے ساتھ ہی اجلاس میں آدھے گھنٹہ کا وقفہ کر دیا گیا جس میں تمام شرکاءِ اجلاس کی چائے سے تواضع کی گئی اور اسی دوران انتخاب کے نتائج مرتب کر لئے گئے۔

وقفہ کے بعد معزز رکن شوریٰ ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے انتخابات کے نتائج کا اعلان کیا اور نئے منتخب ہونے والے نصف ارکان شوریٰ کے اسمائے گرامی پڑھ کر سنائے جو کہ درج ذیل ہیں۔

© rasailojaraid

**حلقہ نمبر۱ (محسنین و مؤسسین) :**

۱۔ میجر احسن رؤف شیخ صاحب
۲۔ ڈاکٹر محمد یقین صاحب
۳۔ میاں محمد رفیق صاحب
۴۔ شیخ محمد عقیل صاحب
۵۔ میاں تجمل واحد صاحب
۶۔ محمد نسیم صاحب

**حلقہ نمبر۲ (مستقل ارکان) :**

۱۔ محمود عالم میاں صاحب
۲۔ انوار الحق چوہدری صاحب

**حلقہ نمبر۳ (عام ارکان) :**

۱۔ ڈاکٹر عبد الخالق صاحب
۲۔ ڈاکٹر ابصار احمد صاحب
۳۔ چوہدری غلام محمد صاحب
۴۔ کرنل ریاض الحق صاحب

انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد محترم صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے اختتامی کلمات سے نوازا۔ محترم ڈاکٹر صاحب کے خطاب کی تلخیص ان شاء اللہ العزیز آئندہ شمارے میں شائع کی جائے گی۔

© rasailojaraid